www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444، فیکس 5962277
LOCAL EDITION FRIDAY FEBRUARY 21, 2025
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 10 قیمت 30 روپے
جلد 67 جمعہ 22 شعبان المعظم 1446ھ 21 فروری 2025ء 10 پھاگن 2081ب نمبر 52

# سرکاری افسران غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں، وفاقی محتسب

## لوگوں کو گھر کے قریب انصاف دے رہے ہیں، میر پور خاص میں دفتر کی افتتاحی تقریب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میر پور خاص (سندھ) میں اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی داد رسی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں نئے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے

باقی صفحہ 8 نمبر 18

بقیہ 18 وفاقی محتسب

ہیں اور اب میر پور خاص سمیت ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ لوگوں کو سہولیات فراہم کر رہا ہے جبکہ اس سال دور دراز علاقوں میں مزید نئے دفاتر بھی کھولے جائیں گے۔ وفاقی محتسب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سال 2024ء کے دوران وفاقی محتسب میں دو لاکھ 26 ہزار 371 شکایات موصول ہوئیں جبکہ دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو گزشتہ سال سے 16 فیصد زیادہ ہیں۔ ہمارے انویسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے لوگوں کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے وفاقی حکومت کے اداروں کے مقامی سربراہوں کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں وفاقی محتسب کے دائرہ کار میں آنے والے سرکاری اداروں کے اعلیٰ افسروں نے شرکت کی۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائیں۔

روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 21 فروری 2025ء

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا اسلام آباد

Daily **DUNYA** Islamabad, Friday, February 21, 20

## میرپورخاص، وفاقی محتسب آفس کا افتتاح

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میرپورخاص میں ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔

★★★★★

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن

| جلد | جمعۃ المبارک 22 شعبان المعظم 1448ھ 21 فروری 2025ء 9 پھاگن 2081 ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 14 | www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com | | | 13 |

Friday 21 February 2025

# افسران عوامی شکایات کا ازالہ یقینی بنائیں، وفاقی محتسب

میرپور خاص (نمائندہ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے میرپور خاص (سندھ) میں اپنے ادارے کے علاقائی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سرکاری افسران پر زور دیا کہ وہ غریب عوام کی شکایات کے فوری ازالے یقینی بنائیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں ہر سال عوامی شکایات کی وصولی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا، جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی تشہیر اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں مظفر آباد آزاد کشمیر اور گلگت میں نئے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے ہیں اور اب میرپور خاص سمیت ملک بھر کے 24 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔

ABC CERTIFIED ••• مالاکنڈ ڈویژن کے عوام کا ترجمان اخبار ••• باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر: مشتاق احمد صادق

روزنامہ خبر کار سوات

Daily Khabarkar

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: غفور خان عادل

dailykhabarkar@gmail.com

جلد نمبر 22 | جمعرات 20 فروری 2025ء، 21 شعبان المعظم 1446ھ، 9 پھاگن 2081 ب قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 51


# اے پی پی کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ

## سال 2024 میں شکایات کے ازالے میں ریکارڈ اضافہ ہوا، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خبر کار) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کارپوریشن (اے پی پی) کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں عوامی آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اے پی پی کے دورے پر آئے ہوئے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیکرٹری وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، سید آصف شاہ نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ میڈیا کو ایک اہم اسٹیک ہولڈر سمجھتا ہے جو وفاقی محتسب کا پیغام عام لوگوں تک مؤثر طریقے سے پہنچا سکتا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کے

(باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

بقیہ 47

ایڈوائزر اٹونی کیشن، ایڈوائزر عمل درآمد اور ایڈوائزر میڈیا بھی موجود تھے جب کہ اے پی پی کے وفد میں رب نواز باجوہ، ڈائریکٹر، وی این ایس اور عبدالقدوس، چیف ایڈیٹر، وی این ایس شامل تھے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر افسران نے بریفنگ کے دوران وفد کو بتایا کہ یہ ادارہ ہر سال ملک کے لاکھوں شکایت کنندگان کو ریلیف فراہم کر رہا ہے۔ سال 2024 میں، وفاقی محتسب کو ریکارڈ تعداد میں عوامی شکایات موصول ہوئیں، جن کی تعداد 226,373 تھی، جب کہ 223,198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ سال 2023 کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ زیادہ ہیں۔ وفد کو بتایا گیا کہ باہمی تنازعات کو نمٹانے کے غیر رسمی پروگرام ) آئی آر ڈی (، آؤٹ ریچ کمپلینٹ ریزولوشن (OCR) کھلی کچہریوں کے انعقاد اور ٹیکنالوجی کے زیادہ استعمال جیسے اقدامات سے ادارے کی رسائی اور پہنچ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سال 2024 کے دوران ادارے کی ایک اور اہم کامیابی اس کے فیصلوں پر موثر عمل درآمد ہے جو کہ 2023 کے دوران 85.70 فیصد سے بڑھ کر 93.21 فیصد ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ ملک کے 24 بڑے شہروں میں خدمات فراہم کر رہا ہے اور ہیڈ کوارٹر اسلام آباد سمیت تقریباً پورے ملک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ وفاقی محتسب انٹرنیشنل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشن (101) کا فعال رکن ہے، جب کہ ایشیا میں محتسبین کی 47 رکنی تنظیم ایشین اومبڈسمین ایسوسی ایشن ) اے او اے ( کی صدارت کے لئے پاکستان کے محتسب کا بلا مقابلہ انتخاب پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ بریفنگ کے بعد سوال جواب کا سیشن ہوا۔ وفد کے ارکان نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اور اس کے علاقائی دفاتر کے کام اور آپریشنز میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور وفاقی محتسب کے کردار کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کی طرف سے بدانتظامی سے نمٹنے سے ملک میں اچھی حکمرانی اور قانون کی بالادستی قائم کرنے